لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۵ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ صفر ۱۳۴۴ھ مطابق ۳۱ اگست ۱۹۲۵ء | جلد ۳۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۰ اگست ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر بربنائے رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول در بارہ موقوفی ماسٹر رضا حسین وضبطی تنخواہ وغیرہ۔

منظور ہے۔ بموجب صراحت رپورٹ احکام ضابطہ جاری ہون۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہون۔

بلبی

حسب الحکم دستخط صاحب سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میر سامان

جناب عالی

ہیڈ ماسٹر صاحب کی رپورٹ سے واضح ہی کہ ماسٹر رضا حسین تنخواہ دار پچیس روپیہ ماہوار بد چلن شخص ہی۔ ہیڈ ماسٹر رضا حسین کی برخاستگی کے اور اس بد چلنی کے جرمانہ مین یکم اگست ۱۹۲۵ء سے انکی تنخواہ کی ضبطی کی رپورٹ کرتے ہین انکی رپورٹ قابل منظوری ہے۔ اس شخص کو آیندہ کسی محکمہ مین ملازمت کی ممانعت کا حکم صادر ہونا بھی مناسب ہے۔ لہذا عرضداشت ہذا باُمید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایون ہی۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

[illegible]

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون برائے اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔ ۲۴ اگست ۱۹۲۵ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ اگست ۱۹۲۵ء

مثبتہ عرضی منشی علی حسین محرر جوڈیشل تحصیل ٹانڈہ در بارہ منظوری رخصت مزید یکماہ بانتظام سابقہ از ۱۹ اگست لغایت ۱۸ ستمبر ۱۹۲۵ء بوجہ علالت خود۔

حکم

مزید رخصت ایک ماہ علی حسین محرر جوڈیشل تحصیل ٹانڈہ کی بعوض موجودہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ اگست ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ رجسٹرار صاحب صدر در بارہ منظوری رخصت رعایتی آخر یوم من ابتدا سے ۲۰ اگست ۱۹۲۵ء لغایت ۳ ستمبر سنہ الیہ بوجہ ضرورت و انتظام کام۔

حکم

رخصت آخر یوم رجسٹرار صاحب صدر کی منظور ہے۔ ایام رخصت مین تا واپسی رجسٹرار صیغہ رجسٹری کا کام محافظ دفتر دیوانی کرینگے۔ اور سطبیع کا کام دولہ خان خوشنویس کرینگے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہوگئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرما کر پڑہیے اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہی۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہی۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی قیمت ۱۲ آنہ علاوہ محصول ڈاک۔

التوحید ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہی۔ اسکی قیمت بھی ۱۲ آنہ علاوہ محصول ڈاک

خصایص معاویہ ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہی۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصایح کافیہ کا ترجمہ ہی۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہی قیمت ۸ آنہ

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منضم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور ابتدا ۱۹ ماہ لغایت ۲۵ ماہ اگست ۱۹۲۵ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ یومیہ	صدر عالیہ میزان	تحصیل بلاسپور یومیہ	تحصیل بلاسپور میزان	تحصیل سوار یومیہ	تحصیل سوار میزان	تحصیل شاہ آباد یومیہ	تحصیل شاہ آباد میزان	تحصیل ملک یومیہ	تحصیل ملک میزان	تحصیل ٹانڈہ یومیہ	تحصیل ٹانڈہ میزان
۱۹ ماہ اگست ۱۹۲۵ء یوم چہارشنبہ	۰	۴۷۳½	۰	۴۷۳	۰	۴۰۰½	۰	۴۶۲	۰	۴۷۲	۰	۵۲۲
۲۰ ماہ اگست ۱۹۲۵ء یوم پنجشنبہ	۰	۴۷۳½	۰	۴۷۳	۰	۴۰۰½	۰	۳۶۲	۰	۴۷۲	۰	۵۲۲
۲۱ ماہ اگست ۱۹۲۵ء یوم جمعہ	۰	۴۷۳½	۰	۴۷۳	۰	۴۰۰½	۰	۳۶۲	۰	۴۷۲	۰	۵۲۲
۲۲ ماہ اگست ۱۹۲۵ء یوم شنبہ	۰	۴۷۳½	۰	۴۷۳	۰	۴۰۰½	۱۱	۴۷۳	۰	۴۷۲	۰	۵۲۲
۲۳ ماہ اگست ۱۹۲۵ء یوم یکشنبہ	۰	۴۷۳½	۰	۴۷۳	۶½	۴۰۷	۰	۴۷۳	۰	۴۷۲	۶	۵۲۸
۲۴ ماہ اگست ۱۹۲۵ء یوم دوشنبہ	۳	۴۷۶½	۱۰	۴۸۳	۲	۴۰۹	۰	۴۷۳	۱	۴۷۳	۱۰	۵۳۸
۲۵ ماہ اگست ۱۹۲۵ء یوم سہ شنبہ	۰	۴۷۶½	۱	۴۸۴	۳	۴۱۲	۱۰	۴۸۳	۰	۴۷۳	۰	۵۳۸

نقشہ نرخ اجناس ریاست رامپور ابتدا ۲۴ ماہ لغایت ۳۰ ماہ اگست ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰ر۵		۱۱ر۷	۱۱ر۵		۱۰ر۶	
نخود خالص	۱۵ر		۱۸ر	۱۶ر		۱۸ر	
نخود گندم آمیز	نرخ بازار		۱۶ر	۱۶ر		۱۵ر	
[illegible]	۱۰ر		۱۶ر	۱۰ر۶		۱۰ر۰	
ماش	۱۶ر		۰	۱۶ر		۱۶ر	
مونگ	۰		۰	۰		۱۵ر	
مکا	۰		۰	۰		۰	
جئی	۰		۱۲۰ر	۱۱۰ر		۱۱ر	
جو جئی	۰		۱۰۸ر	۱۰ر۵		۱۸ر	
مسور	۱۵ر		۰	۱۹ر		۱۹ر	
ارہر	۱۰ر۹		۰	۱۱۰ر		۱۱۰ر	
برنج	۱۴ر		۱۳ر	۱۰ر۵		۱۰ر۴	
روغن زرد	پونے آٹھ چھٹانک		۱۰ر	۱۰ر		۱۰ر	
روغن سیاہ	۱ر		۱ر	۱ر		۱ر	
روغن کنجد	۱ر		۰	۱ر		۱ر	
نمک سانبھر	۱۲ر		۱۲ر	۱۱ر		۱۱ر	
نمک لاہوری	۱۶ر		۱۶ر	۱۵ر		۱۷ر	
قند سیاہ	۱۰ر۳		۴ر	۱۰ر۳		۴ر	
باجرہ	۱۶ر		۰	۰		۰	